14	RH-SD-09-4020	Rehabilitation works on Naseerabad to Larkana	282.000	287.000	M/s RPS Construction Co.	95,235,794	60%
15	RH-SD-09-4021	Rehabilitation works on Naseerabad to Larkana	287.000	292.000	M/s Development Consturction services	95,642,422	70%
16	RH-SD-09-4022	Rehabilitation works on Naseerabad to Larkana	292.000	297.000	M/s Mir Ahmed Jan Bangulzai	95,396,589	75%
17	RH-SD-09-4023	Rehabilitation works on Naseerabad to Larkana	297.000	301.500	M/s Mir Ahmed Jan Bangulzai	85,887,176	58%
		TOTAL (N-55)				1,532,315,944	

Annex-B

NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY

ANNUAL MAINTENANCE PLAN FOR F.Y. 2009-10

S.No	Contract No.	Scope of Work	Chainage From Km	Chainage To Km	Name of Contractor	Bid Cost (Rs.)	Progress
REHABILITATION							
1	RH-SD-10-4001	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-1	147.367	150.000	M/s Mir Ahmad Jan Bangalzai	54,709,259	10%
2	RH-SD-10-4002	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-2	150.000	155.000	M/s Fazal Brothers	99,431,296	10%

3	RH-SD-10-4003	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-3	155.000	160.000	M/s Fazal Brothers	99,706,326	10%
4	RH-SD-10-4004	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-4	160.000	165.000	M/s Niaz Muhammad Khan & Brothers	97,656,670	10%
5	RH-SD-10-4005	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-5	165.000	170.000	M/s Niaz Muhammad Khan & Brothers	99,100,000	10%
6	RH-SD-10-4006	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-6	170.000	175.000	M/s Niaz Muhammad Khan & Brothers	99,100,000	10%
7	RH-SD-10-4007	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-7	175.000	180.000	M/s Qalandar Bux Abro & Co	99,100,000	Just Mobilized
8	RH-SD-10-4008	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-8	180.000	185.200	M/s Qalandar Bux Abro & Co	99,100,000	Just Mobilized
9	RH-SD-10-4009	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-1	193.200	196.000	M/s Taj & Brothers	61,256,448	10%
10	RH SD 10 4010	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-2	196.000	201.000	M/s Qalandar Bux Abro & Co	99,100,000	Just Mobilized
11	RH-SD-10-4011	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-3	201.000	206.000	M/s Ibrahim Khan & Ismail Khan Pvt. Ltd.	99,100,000	Just Mobilized
12	RH-SD-10-4012	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-4	206.000	211.000	M/s Ibrahim Khan & Ismail Khan Pvt. Ltd.	99,100,000	Just Mobilized
13	RH-SD-10-4013	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-5	211.000	216.000	M/s Highway Engineers	99,100,000	Just Mobilized
14	RH-SD-10-4014	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-6	216.000	221.000	M/s Muhammad Ibrahim Gonga	99,100,000	Just Mobilized
15	RH-SD-10-4015	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-7	221.000	226.000	M/s Mir Ahmad Jan Bangalzai	99,100,000	Just Mobilized
16	RH-SD-10-4016	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-8	226.000	231.000	M/s Umer Jan & Co	99,100,000	10%
17	RH-SD-10-4017	Rehabilitation Scheme (Dadu-Khairpur Nathan Shah) - Package-9	231.000	236.915	M/s Muhammad Ramzan & Co	99,100,000	10%
TOTAL (Rehabilitation)						1,601,959,998	

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر خالد محمود سومرو: جناب والا! میں نے تین چیزیں پوچھی تھیں۔ سیہون شریف اور رتوڈیرو کے بارے میں، دادو بائی پاس کے بارے میں، گھوٹکی اور کندھ کوٹ کے درمیان دریائے سندھ پر پل تعمیر کرنے کے بارے میں، مجھے بتایا گیا ہے سہون شریف اور لاڑکانہ روڈ کی تعمیر پر اب تک 3134 million rupees خرچ کیے گئے ہیں، کیا وزیر صاحب مجھے بتا سکیں گے کہ اس رقم سے کتنا کام ہوا، کہاں کہاں ہوا؟ ذرا تفصیلات بتائی جائیں۔

نمبر ۲۔ دادو بائی پاس کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ یہ صوبہ سندھ نے تعمیر کروایا تھا، مرکز کا نہیں تھا لیکن September, 2008 میں National Highway Authority والوں نے یقین دہانی کرائی تھی کہ ہم ٹریفک کی ہموار رفتار کے لیے ہنگامی maintenance کرائیں گے لیکن اب تک وہاں کچھ نہیں ہوا۔ دادو بائی پاس پر کوئی گاڑی نہیں چل سکتی تو یہ 2008 کی جو یقین دہانی تھی اس پر عمل کب ہوگا۔

نمبر۳۔ جو میں نے پوچھا تھا گھوٹکی اور کندھ کوٹ کے درمیان دریائے سندھ کے پل کے بارے میں، مجھے بتایا گیا ہے کہ اس کے ECNEC نے PC-1 5742 million rupees کے ذریعے منظور کیے ہیں، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس پر کام کب شروع ہو گا؟

Mr. Chairman: Thank you. Very nicely put.

ڈاکٹر صاحب! آپ نے بہت اچھے طریقے سے سوال کیا ہے۔

چوہدری امتیاز صفدر وڑائچ: جناب چیئرمین! جہاں تک سیہون شریف۔ رتو ڈیرو لاڑکانہ کی سڑک کا تعلق ہے، یہ 162 kilometre لمبی سڑک ہے جس کے 2008-2009 میں اس کے 17 package بنا کر اس کی maintenance کی گئی جس پر 1.5 billion rupees خرچ ہوئے۔ اسی طرح 2009-2010 میں اس کی maintenance کے لیے مزید 17 package بنائے گئے جس پر 1.6 billion rupees خرچ ہوئے ہیں تو اس میں جو total number of schemes ہیں۔ تو وہ میرے پاس تفصیل ہے، بڑی لمبی تفصیل ہو گی۔ میں معزز رکن کو اس کی لسٹ دے دیتا ہوں تاکہ وہ اس کو تفصیل سے دیکھ لیں۔

جناب چیئرمین: ضرور دے دیں۔

چوہدری امتیاز صفدر وڑائچ: اگر کسی جگہ پر ان کو اعتراض ہو گا تو یقیناً میں اس کا جوابدہ ہوں۔ جہاں تک Dadu Bypass road کا تعلق ہے یہ جیسا کہ written جواب میں آچکا ہے تو یہ سندھ گورنمنٹ نے بنایا تھا لیکن اس کا معیاری کام نہیں ہوا تھا۔ تو NHA کے حوالے کیا گیا کہ آپ اس کو بنائیں۔ میں بتاتا چلوں کہ ہمارا ایک بہت بڑا منصوبہ جو Sehwan-Ratodero Additional Carriageway کے نام سے ہے جو کہ JICA کے تعاون سے بن رہا ہے اور یہ 162 کلومیٹر کی ایک نئی سڑک ہے۔ یہ بھی اسی کا حصہ ہے۔ اس کے ساتھ ہی Dadu Bypass 4 lines جو ہے اسی سڑک کی Additional Carriageway میں ہم نے اس کو شامل کر لیا ہے اور NHA اس کو بنا رہا ہے۔ یہ سارا کام جولائی 2010 میں شروع ہو گا۔ اس کا procedure تقریباً مکمل ہو چکا ہے اور جولائی میں اس پر کام شروع ہو رہا ہے۔

جہاں تک انہوں نے پل کا کہا ہے۔ پل کی approval 21 January 2010 کو ECNEC سے ہو چکی ہے۔ وہ ساڑھے پانچ بلین کا منصوبہ ہے۔ اس میں فنڈز کا مسئلہ تھا۔ ہم انشاء اللہ نئے مالی سال میں اس پر بھی کام شروع کر رہے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر خالد محمود سومرو: جناب! اس پر میں صرف اتنی درخواست کرتا ہوں۔ جو تفصیلات انہوں نے مجھے نہیں بتائیں۔ کہتا ہے کہ میں دیتا ہوں۔ میں دیکھ لیتا ہوں۔ لیکن Dadu Bypass بند پڑا ہوا ہے۔ 2008 میں NHA نے یقین دہانی کرائی ہے۔ یہ ہمارے علاقے کی سب سے بڑی مصروف شاہراہ ہے۔ کراچی جانے والی سڑک یہی ہے۔ گھنٹوں تک ٹریفک شہر کے اندر پھنس جاتی ہے۔ 2008 کی یقین دہانی پر اب تک کوئی کام نہیں ہوا۔ Bypass پر صرف مرمت کرا دیں تاکہ ٹریفک چالو ہو جائے۔

جناب چیئرمین: اچھی بات کی ہے۔ جی منسٹر صاحب۔

چوہدری امتیاز صفدر وڑائچ: سینیٹر صاحب کا جائز مطالبہ ہے۔ انشاء اللہ ہم اس پر دو تین ماہ میں شروع کرتے ہیں۔

Mr. Chairman: Very good. Zahid Sahib.

سینیٹر محمد زاہد خان: شکریہ، چیئرمین صاحب! میں معزز وزیر صاحب سے سوال بھی کرتا ہوں کہ یہاں پر بلوچستان کے ساتھیوں نے اور ہم نے بھی واک آؤٹ کیا۔ ہم دو صوبوں کو ابھی تک PSDP میں پیسہ نہیں دیا ہے۔ چونکہ یہ اس ہاؤس کا استحقاق مجروح ہو رہا ہے۔ ایک سب کمیٹی آپ نے بنائی ہے جس کو میں preside کر رہا ہوں اور میرے ساتھ بلیدی صاحب اور ڈوگر صاحب ہیں۔ تین دن سے ہم میٹنگ کر رہے ہیں۔ ہم نے Communication Ministry, Finance Ministry, Planning Commission and Prime Minister's Secretariat کو بھی بلایا ہے۔ تین دن سے ہم مسلسل اس پر کام کر رہے ہیں۔ آج ہماری تین بجے آخری میٹنگ ہے۔ یہ غلط بیانی سے کام نہ لیا جائے کیونکہ یہ ہاؤس ہے اور یہ ہاؤس سب کچھ کر رہا ہے۔ Ministry اگر کر لیتی تو پہلے کر دیتی۔ جناب چیئرمین! یہ کمیٹی آپ کے حکم پر بنی ہے۔

اب منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہمیں یہ بتائیں کہ آج تین بجے پھر ہماری میٹنگ ہے۔ ہم سے آج تک تینوں منسٹریوں نے time مانگا تھا کہ آج تین بجے ہم آکر پختونخوا اور بلوچستان کو پیسے دیں گے۔ تو کیا آج ہمیں یہ پیسے دے دیں گے؟

جناب چیئرمین: یہ تو میٹنگ میں بتائیں گے۔

سینیٹر محمد زاہد خان: جناب چیئرمین! بہت ساری باتیں ہیں جو میں آپ کو بتانا نہیں چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: زاہد خان صاحب! شکریہ۔ یہ میٹنگ کے اندر آپ کی بات ہو گی۔ یہ آپ کی میٹنگ کا مسئلہ ہے question کا مسئلہ نہیں ہے۔

چوہدری امتیاز صفدر وڑائچ: سارے ہاؤس کو ابھی بتا دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: چلیں، بتا دیجیے۔

چوہدری امتیاز صفدر وڑائچ: جناب چیئرمین! سینیٹر زاہد خان صاحب نے بات کی ہے۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے۔ وہاں پر فنڈز کا مسئلہ تھا۔ میں sub Committee کی performance اور Standing Committee of the Senate کی performance سے مطمئن ہوں۔ ان کا جو مطالبہ تھا وہ اتنا جائز اور logical تھا اور اس میں Ministry of Finance and Planning Commission کے ساتھ meetings ہو رہی ہیں۔ آج ہمیں unofficially convey کیا گیا ہے۔ آج تین بجے بھی میٹنگ ہے۔ زاہد خان صاحب preside کریں گے۔ ان کا پرزور مطالبہ تھا تو آج انشاء اللہ تعالیٰ round about 4 to 5 billion ان دو صوبوں پختونخوا اور بلوچستان کے لیے approve ہو جائیں گے۔

Mr. Chairman: Very good. Yes, Pirzada Sahib.

سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ: شکریہ۔ جناب چیئرمین صاحب! کیونکہ آج منسٹر موصوف موجود ہے اور سہون شریف کا بھی ذکر آیا ہوا ہے اور NHA کا بھی اس سے بہت زیادہ تعلق ہے۔ آپ کے ساتھ ہم نے 10,11 meetings بھی کی تھیں اور سینیٹ کے کروڑوں روپے بھی خرچ ہوئے۔ وہاں پر جو 50 کروڑ روپے کا مسئلہ تھا، وہاں پر چھت وغیرہ غلط بن گئی تھی۔

جناب چیئرمین: جی، سوال کیجیے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ: سوال یہ ہے کہ جب سے یہ حکومت آئی ہے تو کیا ان دو سال میں وہ problems حل کر دیے گئے ہیں یا نہیں کیے گئے ہیں کیونکہ ہماری کمیٹی کی دوبارہ سہون شریف میں میٹنگ نہیں ہو سکی۔ تو آپ کی بڑی مہربانی ہوگی اگر آپ ہمیں یہ چیزیں بتا دیں۔

چوہدری امتیاز صفدر وڑائچ: جناب چیئرمین! اس کو بڑا seriously take up کیا گیا ہے اور یہ انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: جی، چیف ویپ صاحب! آپ کا سوال ؟

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: شکریہ۔ جناب چیئرمین! گزشتہ دور حکومت میں قلات سے کوئٹہ تک پوری سڑک کو ادھیڑ دیا گیا تھا۔ میرے خیال میں چار سے پانچ سال تک ہو گئے ہیں اور ابھی تک وہ سڑک مکمل نہیں ہوئی ہے۔ ہم آئے دن توبہ کر کے وہاں سے گزرتے ہیں اور اس طرح کہتے ہیں کہ شاید واپس نہ آئیں لیکن پھر بھی علاقہ ہے، جانا پڑتا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ سوال کریں۔

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: میں گزارش کرنا چاہوں گا کہ مستونگ سے کوئٹہ تک اس سڑک کو بنانے کا کوئی ارادہ ہے یا جن ٹھیکیداروں نے گھپلا کیا ہے اور بھاگ گئے ہیں حسنین کمپنی والے ان کو بھی کٹہرے میں لانے کا کوئی ارادہ ہے، ان سے پیسے وصول کرنے کا یا ان سے سڑک بنانے کا یا پھر ہم اسی طرح برداشت کرتے رہیں گے؟

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

چوہدری امتیاز صفدر وڑائچ: جناب چیئرمین! معزز رکن یہ ٹھیک بات بتا رہے ہیں۔ ایسے ہی ہے۔ یہ contract حسنین کنسٹرکشن کمپنی کے پاس تھا۔ progress upto mark نہیں تھی۔ جتنا ان کو کام کرنا چاہیے تھا وہ نہیں تھا۔ تو اس کے بعد محکمے نے اس کے خلاف ایکشن لیا اور ان کے contract کو ختم کر دیا گیا۔ اب اس کو دوبارہ sub-let کیا گیا ہے۔ اب انشاء اللہ نیا contractor موقع پر کام شروع کر دے گا۔ دوسرا فنڈز کی بھی constraint تھی۔ جیسا کہ میں نے

پہلے ہاؤس کو بتایا ہے کہ آج وہ پانچ بلین مل جاتا ہے تو یقیناً contractor بھی نیا آگیا ہے اور فنڈز کا بھی مسئلہ حل ہو گا تو اس سڑک پر ہم priority کے ساتھ کام شروع کر دیں گے۔

Mr. Chairman: Thank you. Next question, Begum Najma Hameed Sahiba.

46. ***Senator Begum Najma Hameed:** Will the Minister for Social Welfare and Special Education be pleased to state the names and addresses of the persons who were provided financial assistance from Pakistan Bait-ul-Mal on the recommendations of the present Minister for Social Welfare and Special Education up to 15th April, 2010 indicating also the amount provided in each case?

Ms. Samina Khalid Ghurki (Minister for Social Welfare and Special Education): Pakistan Bait-ul-Mal has provided financial assistance to 1882 beneficiaries amounting to Rs.13.714 million on the recommendations of the present Federal Minister for Social Welfare and Special Education up to 15th April, 2010.

The names and addresses of the persons who received financial assistance from Pakistan Bait-ul-Mal on the recommendations of the present Minister for Social Welfare and Special Education up to 15th April, 2010 is at Annex-I. The list will also indicate the amount given in each case.

(Annexure has been placed on the Table of the House as well as Library)

Mr. Chairman: Any supplementary question?

سینیٹر بیگم نجمہ حمید: انہوں نے 1882 لوگوں کی لسٹ رکھی ہے اور اس میں انہوں نے بہت details دی ہوئی ہیں۔ میں ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے ہمیں بہت تفصیلی جواب دیا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: جی، عافیہ ضیاء صاحبہ۔

سینیٹر عافیہ ضیاء: شکریہ۔ جناب چیئرمین صاحب! میں نے منسٹر صاحبہ سے یہ پوچھنا ہے کہ آپ کی منسٹری کا بجٹ 2007 میں کتنا تھا اور اب کتنا ہے؟ دوسری بات یہ ہے کہ جس طرح آپ نے بتایا ہے کہ 1882 افراد کو مالی امداد دی گئی ہے۔ تو کیا یہ genuine cases تھے اور اگر genuine cases تھے تو اس میں جو آپ نے تفصیل دی ہوئی ہے اس میں رقم کی تقسیم میں اتنا فرق کیوں ہے؟ کسی کو پانچ ہزار، کسی کو دس ہزار اور کسی کو پندرہ ہزار روپیہ دیا گیا ہے۔ تو یہ فرق کیوں رکھا گیا ہے؟

جناب چیئرمین: جی، منسٹر صاحبہ۔

محترمہ ثمینہ خالد گھرکی: شکریہ۔ جناب چیئرمین! پہلے تو میں معزز رکن نجمہ حمید صاحبہ کی بھی مشکور ہوں کہ وہ اس سوال کے جواب سے مطمئن ہوئیں اور دوسرا سوال جو محترمہ عافیہ ضیاء صاحبہ نے پوچھا ہے۔ محترمہ! اصل میں یہ ہے کہ اس میں جو آپ نے فرق کا پوچھا ہے وہ یہ ہے کہ case پر depend کرتا ہے کہ انہیں کس طرح کی assistance چاہیے۔ اگر کوئی میڈیکل کیس ہے تو ہم لوگ اس کا جتنا بھی estimate بنتا ہے، کسی بھی حکومتی ہسپتال سے تو اس کے مطابق ہم انہیں assistance دیتے ہیں۔ ایجوکیشن کے بارے میں دیتے ہیں تو پہلے دیکھتے ہیں کہ کتنی فیس ہے لیکن گورنمنٹ کے اداروں میں، پرائیویٹ سیکٹر میں ہم مدد نہیں کرتے لیکن اگر کسی کا general issue ہے جیسا کہ انہی مالی مدد چاہیے، چھوٹی موٹی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے، کیونکہ ابھی تک شادیوں کے لیے بیت المال سے کوئی رقم نہیں دی جاتی کہ کوئی خاص رقم مختص کی جائے کہ ہم ان کی مدد کرتے ہیں لیکن generally پھر دیکھتے ہیں اور depend کرتا ہے cases پر کہ disables ہیں تو انہیں دس ہزار روپے دیے جاتے ہیں اور اگر ایک فیملی میں دو سے زیادہ ہیں تو 25,000 روپے سے ان کی مدد کی جاتی ہے۔ تو یہ جو detail 1882 cases کی ہے، یہ میرے پاس پورے پاکستان سے ہے۔ لوگ میرے دفتر میں بھی آجاتے ہیں۔ اس تفصیل میں ہر جگہ کے لوگ ہیں لیکن پنجاب کے اس لیے زیادہ ہیں کیونکہ وہاں کے لوگوں کی مجھ تک approach آسان ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے علاقے کے بھی cases ہیں جیسے اسلام آباد، راولپنڈی اور اس کے گردونواح کے علاقے جیسے اٹک وغیرہ ہیں اور اسی طرح سے خیبر پختونخوا کے کچھ cases ہیں جن کو وزراء صاحبان نے اپنے اپنے علاقوں سے دیئے ہیں، تو انہیں بھی ہم medical assistance دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ محترمہ عافیہ صاحبہ 2007 کے بارے میں پوچھ رہی ہیں، کیا آپ کو اس بارے میں علم ہے؟ اگر نہیں ہے تو ان کو بتلا دیجیئے گا۔ جی حاجی صاحب۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: محترمہ وزیر صاحبہ نے بڑی تفصیل سے جواب دیا ہے لیکن میرا ایک تکنیکی سوال ہے کہ وزیر صاحب کی سفارش پر اور جواب میں بھی یہ کہا گیا ہے کہ وزیر صاحبہ کی سفارشات پر، انگریزی میں بھی میں نے دیکھا ہے کہ "recommendation" کا لفظ استعمال کیا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ merit نہیں ہے اور جب تک یہ سفارش نہیں کریں گی، لوگوں کو بیت المال سے پیسے نہیں ملیں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی وزیر صاحبہ۔

محترمہ ثمینہ خالد گھرکی: انہوں نے بہت ہی اہم سوال کیا ہے۔ میں حاجی عدیل صاحب کا احترام بھی بہت کرتی ہوں کیونکہ یہ بات کی depth میں جاتے ہیں اور اس ایک سوال سے پورے محکمے کی کارکردگی سامنے آ جاتی ہے۔ کس کے لیے recommendation ضروری ہے؟ دیکھیں فرق ہے، عزت دینے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ اگر اس نے آج مجھے اس seat پر بٹھایا ہے تو اس کی اپنی ایک position اور حیثیت ہے اور اس کے مطابق اگر میں decisions لیتی ہوں اور میں دیکھتی ہوں کہ کوئی deserving case میرے پاس چل کر آیا ہے تو میں اس کو بیت المال کو refer کرتی ہوں لیکن یہ through procedure ہی ہوتا ہے۔ چاہے ایک case ہو، میری recommendation پر ہے، میں M.D. بیت المال کو refer کرتی ہوں اور وہ procedure کے تحت ہوتا ہے، پہلے ان کی verification ہوتی ہے پھر اس کے بعد ان کو یہ مدد ملتی ہے۔ میری recommendation سے بس صرف اتنا ہوتا ہے کہ تھوڑا وقت کم لگتا ہے لیکن ہمارے پاس جتنا fund ہوتا ہے اس کے مطابق ہی کرتے ہیں۔ اس سے priority نہیں ہوتی۔ Recommendation means جو میرے دفتر سے جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: جی بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! مجھے محترمہ وزیر صاحبہ یہ بتائیں کہ یہ مالی امداد صرف صوبہ پنجاب اور صوبہ سندھ کے لیے ہے؟ اس میں بلوچستان کبھی شامل نہیں ہوتا

ہے۔ یہ ہمیں افسوس ہے اور اس سلسلے میں میڈم کو کئی مرتبہ شکایات بھیجی ہیں لیکن اس پر action نہیں لیا گیا۔ اگر آپ کوئی اچھی ruling دے دیں تو بہتر ہوگا۔

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحبہ۔

محترمہ ثمینہ خالد گھرکی: میرا خیال ہے اسی floor پر میں نے پہلے بھی بتایا تھا اور ابھی بھی بلوچستان کے حوالے سے میرے پاس مکمل details ہیں کہ ہمارے پاس کتنے cases آئے۔ میں اپنے بھائی کو بتاؤں گی کہ میرا سب سے پہلا visit, اس منصب کو سنبھالنے کے بعد، کوئٹہ کا تھا اور پاکستان بیت المال ہر اس موقع پر کوشش کرتا ہے کہ وہ اپنی کارکردگی دکھائے اور لوگوں کی مدد کرے۔ جب زلزلہ آیا تھا اس وقت میں نے وہاں پر خود جا کر 500 لوگوں کو دس دس ہزار روپے کے چیک دیئے تھے اور ایسا کیسے ہوسکتا ہے کہ ہم اس کو ignore کریں کیونکہ وہ بھی پاکستان کا ایک اہم حصہ ہے لیکن یہ depend کرتا ہے کہ کتنی ہمارے پاس درخواستیں آتی ہیں، کس طرح کے cases ہیں، medical cases بھی بہت ہوئے ہیں، تعلیم کے لیے بھی ہوئے ہیں اور general cases بھی ہم نے کیے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی بلیدی صاحب آپ کا اگلا سوال۔

48. *Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Education be pleased to state:

(a) the number of sections of each class in the F.G. Jr. Model School, G-10/3, Islamabad;

(b) the number of sanctioned, filled in and vacant posts of teachers in the said School and the time by which the vacant posts will be filled in; and

(c) the steps taken by the Government to post trained graduate teachers in the school?

Sardar Aseff Ahmad Ali (Advisor of Prime Minister for Education): (a) The detail of sections in class in the FG Junior Model School, G-10/3, Islamabad is placed at Annex-A.

(b) Vacancy position of FG Junior Model School, G−10/3, Islamabad working under the administrative control of Federal Directorate of Education, Islamabad is placed at Annex−A.

(c) There is no such proposal to post out TGTs in the same school due to non availability of sanctioned vacant posts.

SECTION DETAIL

S#	CLASS	SECTION
1	Prep	01
2	1	02
3	II	02
4	III	02
5	IV	03
6	V	02
	TOTAL	12

INFORMATION REGARDING TEACHING POSTS OF FGJMS, G-10/3, ISLAMABAD

S#	POST WITH BPS	SANCTIONED	VACANT	REMARKS
1	Headmistress Bps-18	01		
2	Deputy Headmistress Bps-17	02		
3	TGT Bps-16	08		
4	TUGT Bps-14	05		
5	PTI Bps-14	01	01	Seat will be filled till summer vacation
6	MTT Bps-10	01		
7	MTT Bps-09	02		
	TOTAL	20	01	

Mr. Chairman: Any supplementary question? Yes, Buledi *Sahib*.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میں نے F. G. Junior Model School کے حوالے سے یہ پوچھا تھا کہ اس میں اساتذہ کی کتنی منظور شدہ آسامیاں ہیں اور خالی آسامیوں کی تعداد کیا ہے؟ انہوں نے جواب بھی دیا ہے لیکن trained graduate teacher کی تعیناتی کے لیے حکومت نے کیا اقدامات کیے ہیں؟ آصف صاحب! یہاں لوگوں کو بڑی مشکلات ہیں اور داخلوں کا بھی مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین: بلیدی صاحب! آپ کا سوال کیا ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: سوال یہ ہے کہ ان کو پر کرنے کے لیے کوئی مقررہ وقت دیں گے کہ ان پر لوگوں کو بھرتی کیا جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی وزیر صاحب۔

سردار آصف احمد علی: جناب چیئرمین! محترم سینیٹر صاحب بالکل درست فرما رہے ہیں کہ population بہت بڑھ چکی ہے اور demand بھی بہت بڑھ چکی ہے سکولوں کے لیے لیکن capacity تقریباً اتنی کی اتنی ہی ہے۔ اس لیے ہم نے evening shift بھی رکھی ہیں اور کوشش ہماری یہ ہے کہ جتنے بھی بچے ان schools اور colleges میں accommodate ہو سکتے ہیں کیے جائیں۔ Seats کے بارے میں ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ بہت سے سکولوں میں teachers نہیں ہیں۔ میں نے Federal Directorate of Education کو کہا ہے کہ آپ due process کے ذریعے جلد از جلد جتنی بھی آسامیاں خالی ہیں، ان کو پورا کریں تاکہ teachers کی shortage نہ ہو اور ہم زیادہ سے زیادہ students کو داخلہ دے سکیں۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر مالک صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک: وزیر صاحب چونکہ ایک intellectual آدمی ہیں، میری ان سے ایک گزارش ہے کہ جو بلوچستان کے Cadet Colleges ہیں، اس خوبصورت کتاب میں تو سب کے نام ہیں لیکن زمین پر ماسوائے تین کے جہاں پر میں گیا ہوں کچھ نہیں ہے۔ ان کو visit کریں۔ میرا اور کوئی ضمنی سوال نہیں ہے بس صرف یہ درخواست ہے۔

Mr. Chairman: Thank you. Dr. Saeeda *Sahiba*.

سینیٹر سعیدہ اقبال: جناب والا! یہ جو G-10/3 کا علاقہ ہے، very poor people are living there اور teachers کی کمی کی وجہ سے وہاں کے بچوں کو بہت مشکلات پیش آرہی ہیں۔ یہ صرف ایک جگہ نہیں ہے کیونکہ کافی عرصے سے اسلام آباد کے Federal Directorate میں کوئی permanent Director General نہیں ہے۔ جب تک permanent Director General نہیں ہوگا، تب تک مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ The lady is very obliging but she is catering for two institutions. لہٰذا وہ difficult ہوجاتا ہے اس کو reach کرنا، اس لیے اس میں خرابیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ- جی وزیر صاحب-

سردار آصف احمد علی: محترمہ نے یہ بات بالکل درست فرمائی کہ اس وقت Director General کی post خالی ہے اور ہم عنقریب appoint کرنے والے ہیں- جناب چیئرمین! اس کی appointment Prime Minister کرتے ہیں-

Mr. Chairman: Thank you. Next question, Dr. Buledi *Sahib*.

49. ***Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Education be pleased to state whether it is a fact that status of Federal Government Junior Model School, G−10/3, Islamabad changed as Islamabad Model School in the year 2009 has now been reversed, if so, its reasons?

Sardar Aseff Ahmad Ali: No, there was no change in the status of Federal Government Junior Model School, G−10/3, Islamabad. It was functioning as Junior Model School in 2009 and presently there is no change of status of the said institution.

Mr. Chairman: Any supplementary question?

سینیٹر ڈاکٹر خالد محمود سومرو: سوال یہ کیا گیا تھا کہ F.G. Junior Model School کی حیثیت بڑھائی گئی تھی اور اس کو Islamabad Model School میں تبدیل کیا گیا تھا اور اس کے بعد پھر اس کو واپس کر دیا گیا- یہ کیوں ہوا؟ بتایا یہ گیا ہے کہ 'جی نہیں، F.G. Junior Model School کی حیثیت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی، یہ سال 2009 سے بطور Junior Model School کام کر رہا تھا اور اس ادارے کی حیثیت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی-

جناب چیئرمین: آپ سوال کر لیجیئے-

سینیٹر ڈاکٹر خالد محمود سومرو: میں اس جواب سے مطمئن نہیں ہوں- میں سمجھتا ہوں کہ شاید نچلے عملے نے ہمارے وزیر صاحب کو صحیح نہیں بتایا- میرے پاس یہ کاغذات موجود ہیں، F. G. Junior Model School کو Islamabad Model School میں تبدیل کر دیا گیا

تھا 08-2007 میں۔ 2008 میں Directorate of Education کی طرف سے جو داخلے کے اشتہارات دیے گئے اس میں بھی اسلام آباد ماڈل سکول لکھا گیا۔ جناب والا! جو اس کا main gate ہے اس پر sign board تبدیل کر کے اس پر بھی اسلام آباد ماڈل سکول لکھا گیا۔ پھر بچوں کو جو badges دیے گئے، کلاس ڈائری، فیس کارڈ، امتحانی پرچے، ان پر بھی اسلام آباد ماڈل سکول لکھا گیا تھا۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ اس کو ماڈل سکول بنایا گیا تھا اور اس کے بعد اس کو واپس کر دیا گیا ہے جبکہ جواب یہ ہے کہ یہ نہیں ہوا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ صحیح information نہیں دی گئی ہے۔

جناب چیئرمین: ابھی پتا کر لیتے ہیں۔ جی وزیر صاحب۔

Sardar Asef Ahmed Ali: Mr. Chairman, I stand by the answer given.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ جی پیرزادہ صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ: جناب چیئرمین! یہ کمیٹی میں پیش ہوا تھا۔ جب سے junior model school کو Islamabad Model School بنایا گیا تھا، اس کے بعد بھی یہ پہلی والی حالت میں چلتا رہا۔ نہ اس کے syllabus میں کوئی تبدیلی آئی، نہ اس کو کوئی مزید اساتذہ دئیے گئے، نہ کوئی facilities دی گئیں۔ اب کیا صورتحال ہے مجھے معلوم نہیں لیکن دوبارہ اس کو اس طرف کیا گیا ہے تو کم از کم اس کو وہ facilities تو دی جائیں۔ آپ کے ہوتے ہوئے تو ہمیں بہت زیادہ امیدیں ہیں۔

Mr. Chairman: Next question. Mashhadi *Sahib.*

51. *Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Will the Minister for Education be pleased to state the number of foreign scholarships unutilized during the year 2008-09 indicating also the reasons for not utilizing the same?

Sardar Aseff Ahmad Ali: 61 scholarships under Cultural Exchange Programme of Ministry of Education remained unutilized during the year 2008 - 2009. Year wise break up of the unutilized scholarships is as under:—

2008	32
2009	29

Reasons for not utilizing the scholarships are as follows:

(i) The final selection is vested with the donor countries and they are not bound to select 100 % nominations of the Government of Pakistan,

(ii) The finally selected students may regret to avail the scholarship at the last stage due to their personal, reasons, primarily because:

The selection process almost takes one year time from the date of advertisement to the actual date of joining of the scholars in the University / Institution. In the meantime, some students join the job and some prefer to go to more attractive countries like UK, USA and Canada etc.

Generally, the Non-English speaking countries offer the cultural scholarships, whereas our students prefer English-speaking countries for their higher studies.

Despite provision of additional subsidy from the Government of Pakistan, the amount of cultural scholarships offered by the donor countries is not attractive,

Cultural scholarships are mostly offered by the under-developed countries, which has never been the desired destination of the meritorious students.

Mr. Chairman: Any supplementary?

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you Mr. Chairman, I would like to ask the honourable Advisor that out of 61 scholarships, which have not been utilized,

what percentage were rejected by the donor countries itself and what percentage of the students refused to go? Secondly, although these scholarships are from non−English speaking countries, what efforts are being made by the Ministry of Education, because now we have a very dynamic advisor to get better scholarships from better countries. Thank you Mr. Chairman.

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

سردار آصف احمد علی: جناب چیئرمین! محترم سینیٹر صاحب نے درست فرمایا ہے کہ بہت سی scholarships میں یا تو وہ جو nominations ہوتی ہیں وہ select نہیں کیے جاتے یا پھر جو select ہوجاتے ہیں وہ ان ملکوں میں جانا نہیں چاہتے۔ بہت سی وجوہات ہیں۔ سب سے بڑی ایک وجہ language کا issue ہے۔ اب کئی ایسے ملک ہیں جن کی languages یہاں اتنی popular نہیں ہیں جیسے رومانیہ، چائنہ یا ترکی میں language کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور پھر scholarships کی جتنی وہ رقوم دیتے ہیں وہ کم ہیں، اس وجہ سے یہ ایک disincentive ہے۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ بہت سے ایسے students ہیں جن کو scholarships مل جاتی ہیں اور انہوں نے مغربی یونیورسٹیز میں یعنی برطانیہ، امریکہ، کینیڈا یا آسٹریلیا apply کیا ہوتا ہے تو جیسے ہی انہیں وہاں scholarship یا داخلے مل جاتے ہیں تو پھر ان scholarships کو وہ surrender کر دیتے ہیں تو یہ ساری مختلف reasons ہیں جس کی وجہ سے پوری طرح utilization نہیں ہے۔ سینیٹر صاحب کے سوال کا آخری حصہ تھا کہ ہم کیا کوشش کر رہے ہیں، کوئی اور ملک scholarship ہمیں دیے تو میں ان کو اتنا ضرور عرض کر دوں گا کہ ایسی کوئی مہم نہیں ہے ہم کوئی ایسی campaign نہیں چلا رہے مگر جب بھی میں کسی diplomat سے ملتا ہوں یا ambassador سے یا باہر کہیں جاتا ہوں تو میری حتی الواسع کوشش ہوتی ہے کہ ایک تو education پر MOU ہو اور اس ملک کے ساتھ ہماری education میں cooperation کا ایک آغاز ہو۔ ترکی کے ساتھ بھی اس طرح ہوا ہے اور بھی ملکوں کے ساتھ ہم کوشش کر رہے ہیں۔ thank you sir.

جناب چیئرمین: جی، پیرزادہ صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ: جناب چیئرمین! جو scholarships استعمال نہیں ہوتے اور جو لوگ نہیں جاتے ہیں، منسٹر صاحب نے اس کی بڑی اچھی وجوہات بتائی ہیں لیکن میرے تجربے کے مطابق اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ جن ممالک کے ساتھ ہمارے cultural exchange scholarships کا معاہدہ ہوتا ہے تو پاکستان ان کو پوری facilities مہیا کرتا ہے لیکن جب ہمارے students وہاں جاتے ہیں تو ان کو نہ scholarship ملتا ہے، تیسرے نمبر پر scholarship ملتا ہے جو وہاں local لوگوں کو تھوڑا سا مل رہا ہوتا ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: پیرزادہ صاحب سوال کر لیجئے۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ: سوال یہ ہے کہ اس کے بارے میں آپ سفارت خانوں کو کیوں alert نہیں کرتے ہیں کہ وہاں جب students کو تکلیف ہو تو سفارت خانے اس کی مدد کریں۔ میں چوتھی وجہ بتا رہا ہوں جو محترم وزیر صاحب نے نہیں بتائی کہ جب ان کو مل جاتا ہے اور جب ان کو رپورٹ ملتی ہے کہ وہاں behavior صحیح نہیں ہے اس لیے وہ انکار کر دیتے ہیں لہذا آپ اپنے سفارت خانوں کو alert کر دیتے ہیں۔

Mr. Chairman: Thank you. Yes, Minister *Sahib*. More of a statement than a question and suggestion. Next question.

سینیٹر سردار محمد جمال خان لغاری: منسٹر صاحب سے میرا سوال ہے کہ foreign total scholarships offer کی گئیں ہیں وہ کتنی تھیں؟

جناب چیئرمین: جی۔

سردار آصف احمد علی: جناب! اس کا figure ہم نے دیا ہوا ہے۔

Senator Sardar Muhammad Jamal Khan Leghari: Sir, I am talking of the total foreign scholarships offered.

Sardar Aseff Ahmad Ali: I will let the Senator know. He does not have to ask another question.

Mr. Chairman: Please inform him.

سردار آصف احمد علی: میں information ضرور دے دوں گا۔

Senator Sardar Muhammad Jamal Khan Leghari: Another question, because I just wanted a rough idea that what is the unutilized against the utilized that is why I was asking that question.

Mr. Chairman: Do you have the information right now Minister Sahib?

Sardar Aseff Ahmed Ali: We have information on the unutilized. Unutilized in 2009 were 29.

جناب چیئرمین: یہ utilized ہے۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: یہ انتخابات میں ہوتا ہے۔ selection کا ترجمہ انتخابات نہیں ہوتا الیکشن کا ہوتا ہے۔ تو یہ غلطی کون کرتا ہے۔ آپ کے department میں ؟

جناب چیئرمین: اس کو ٹھیک کرالیتے ہیں۔

سینیٹر سردار محمد جمال خان لغاری: چیئرمین صاحب ! My question was pertinent because I wanted to know.

Mr. Chairman: He does not have the answer right now. He is looking at the answer and as he gets it he will let you know. He does not have the answer right now. I agree that your questions are very pertinent. Next question, Ismail Buledi Sahib.

52. *Senator Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Education be pleased to state:

(a) whether it is a fact that Islamabad Model Colleges for Boys and Girls are conducting evening classes, if so, its reasons; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to discontinue the said classes?

Sardar Aseff Ahmad Ali: (a) A total No. of 17 Islamabad Model Colleges (IMCs) are conducting evening classes.

At present 20 Islamabad Model Colleges under the administrative control of Federal Directorate of Education, Islamabad are providing quality education at very affordable rates. Hence there is immense public pressure for admissions from Class Prep to College level for the children of Government Servants/residents of ICT. In order to facilitate these admissions, 17 IMCs manage evening shift at the school and college level.

(b) There is no proposal under consideration of the Government to discontinue the said classes due to lack of infrastructure facilities. However, steps are being taken to establish new IMCs and enhancement of existing building i.e. construction of new class rooms to accommodate the students of evening shift in morning.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جی، ایک تو یہ ہے کہ سردار آصف صاحب سے سوال ہے کہ بلوچستان اس سے بالکل محروم ہے۔ جب ہماری باری آتی ہے تو کہتے ہیں کہ آپ کے forms late پہنچے ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ سوال کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: یہ تو مجھے افسوس ہے اس کو check کریں اور سیکرٹیری صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں یہ ہمارے ساتھ زیادتی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں نے جو سوال کیا ہے۔ اسلام آباد ماڈل کالجز میں طلباء و طالبات کے لیے شام کی کلاسز ہوتی ہیں، ان کو ختم کرنے کا کوئی پروگرام ہے اور اگر ایسا ہے تو ہمیں بتائیں۔ جناب چیئرمین! انہوں جو جواب دیا ہے آپ کو پتا ہے کہ اسلام آباد میں بہت غریب لوگ اپنے بچوں کو داخلہ۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ سوال کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب! یہی ہے کہ یہ بہت اہم سوال ہے اور غریبوں کا اس میں بڑا interest ہے۔ ہم اور آپ 20/30 ہزار فیسیں دے کر بچوں کر پڑھا سکتے ہیں

لیکن ایک SO اور ایک کلرک اپنے بیٹے کو داخل کرانے کے لیے، مجھے کسی کو داخلہ کرانے کے لیے چار دفعہ جانا پڑا۔ وہ ان کو داخلہ نہیں دیتے اور یہ ذہنی torture ہے۔ وہ جب گھر میں جاتے ہیں تو ان کے بچے تھپڑ مارتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کو داخلہ نہیں کروا سکے۔ شام کے وقت بھی کتنی کلاسز یہاں show کر رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ سہولت کی کمی کی وجہ سے وہ نہیں کر رہے ہیں۔ Asif Sahib is very hard working advisor ہم امید کرتے ہیں کہ ابھی وقت ہے کہ وہ پرائم منسٹر صاحب کو کہیں کہ جتنے کالجز ہیں ان میں class rooms بنائے جائیں ان کی تعداد بڑھائی جائے۔ یہ شام کی جو shift ہے اور جن لوگوں کو morning shift میں داخلہ نہیں مل رہا ہے۔ اس کو ختم کرنے کے لیے کیا طریقہ کار ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ منسٹر صاحب جواب دیجئے۔

Sardar Aseff Ahmad Ali : First of all, Mr. Chairman, I am all well by the kind remarks that have been passed about me and I feel very honoured and grateful to the honourable Senator.

Mr. Chairman: Dr. Buledi is a very kind man.

سردار آصف احمد علی: ان کی بات بالکل درست ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں آپ میرا پارلیمنٹری ریکارڈ دیکھ لیجئے میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا،

جناب چیئرمین: جی مجھے پتا ہے۔

Sardar Aseff Ahmed Ali: I never tried to cover up my Ministry.

یہ درست ہے کہ اسلام آباد میں admission کے لیے بہت pressure ہے اسی لیے ہی ہم نے evening sessions شروع کیے ہیں اور evening sessions شروع کرنے کے باوجود pressure بہت زیادہ ہے تو کچھ students کو ہمیں return کرنا پڑتا ہے جب تک ہم نئی facilities نہ بنائیں۔ میں ایک request کروں گا جو students شام کے sessions میں ان کو admission تو ملتی ہے وہ پھر ہمارے مہربان MNAs اور Senators صاحبان کے پاس آتے ہیں کہ شام سے ہمیں صبح کی شفٹ میں کر دیں تو پھر صبح کی شفٹ میں تعداد بہت زیادہ ہو جاتی ہے۔ کلاسز میں جگہ نہیں رہتی تو میں Senators or MNAs صاحبان سے درخواست

کروں گا کہ یہ جوان کی سفارش ہے یہ میرے لیے ایک بڑی مشکل پیدا کرتی ہے۔ انہوں نے جو فرمایا ہے انشاءاللہ we are trying to increase the capacity of the whole system in ICT area اور آئندہ سالوں میں یہ دقت نہیں ہو گی۔

Mr. Chairman : Next question, last question Mr. Khalid Soomro.

بس دو منٹ رہ گئے ہیں۔ میں یہ last question کر لینا چاہتا ہوں۔

54. ***Senator Dr. Khalid Mehmood Soomro:** Will the Minister for Social Welfare and Special Education be pleased to state:

(a) the details of services being provided by Pakistan Bait-ul-Mal;

(b) the number of departments/institutions working under the administrative control of Pakistan Bait-ul-Mal; and

(c) the amount spent by Pakistan Bait-ul-Mal during the last ten years with head-wise break up?

Ms. Samina Khalid Ghurki: (a) The following services are being provided by Pakistan Bait-ul-Mal:

1. Individual Financial Assistance (IFA).
    - IFA-Medical
    - IFA-Education
    - IFA-General
    - IFA-Special Persons
    - IFA-Wheel Chairs, White Cane & Hearing Aids.
2. Child Support Programme (CSP).
3. Institutional Rehabilitation through NGOs.
4. National Centre for Rehabilitation of Child Labour (NCRCL)
5. Vocational Dastkari Schools (VDS)

6. Langer Programme.

7. Pakistan Sweet Homes (Orphanages)

8. Pakistan Homes (Senior Citizen Homes)

(b) The detail of departments/ institutions working under the administrative control of Pakistan Bait-ul-Mal is as under:—

i.	Provincial / Regional Offices	05
ii.	District Offices.	137
iii.	Deptt. under Head Office	07
iv.	Pakistan Sweet Homes.	13
v.	Pakistan Homes	01
vi.	NCRCL	159
vii.	VDS	157
	Total:-	479

(c) Amount spent by Pakistan Bait-ul-Mal during last 10 years is at Annex-I.

Annexure-I

PAKISTAN BAIT-UL-MAL

EXPENDITURES INCURRED SINCE LAST 10 YEARS FROM 1999-2000 TO 2009-10 (31-03-2010)

	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	(31-3-10)	GRAND TOTAL
	1999-2000	2000-01	2001-02	2002-03	2003-04	2004-05	2005-06	2006-07	2007-08	2008-09	2009-10	
1 Food Support Programme												
a) F.S.P. (Beneficiaries)	31.219	1,251.917	1,809.624	1,042.455	2,061.125	2,760.000	2,181.740	2,084.920	2,040.780	2,770.120	-	18,033.900
b) Service Charges of F.S.P.	21.180	30.236	24.873	3.548	1.813	5.192	22.436	6.900	12.700	11.910	1.973	142.761
Total of FSP	52.399	1,282.153	1,834.497	1,046.003	2,062.938	2,765.192	2,204.176	2,091.820	2,053.480	2,782.030	1.973	18,176.661
2 Child Support Programme								14.447	18.340	36.770	27.046	96.603
3 Individual Financial Assistance	32.842	51.715	35.276	129.234	228.606	368.486	595.088	398.207	887.524	677.700	1,413.340	4,818.018
4 Projects	24.720	29.112	41.516	70.287	94.083	151.074	215.999	299.400	366.927	339.190	271.877	1,904.185
5 Endowment Fund (Institutional Rehabilitation for NGOs)			12.135	20.197	40.538	82.953	89.579	50.060	39.362	57.930	30.885	423.639
6 Sub. to Bugti Tribes		5.400	16.200	18.462	5.661	20.951	62.458	63.111		11.760	-	204.003
7 Wheel Chair, SF & Nutrition										30.570	102.014	132.584
8 Larkana Housing Scheme			4.985	0.118	2.335	0.036	0.022	0.031	2.840		-	10.367
9 Burn Centre							50.000	50.000	50.000	110.000	-	260.000
10 PM Relief for Bosnia											-	-
11 PM Kidney Centre	160.000	100.000	150.000	50.000							-	460.000
12 Bounded Labour		100.000									-	100.000
13 IDPs EXPENDITURE										498.310	93.784	592.094
14 DEVELOPMENT EXP.										8.728	1.903	10.631
15 Natural Clamities/Lunger										3.950	34.073	38.023
16 Administration	28.690	30.864	48.165	85.868	110.695	117.325	147.939	178.071	210.040	326.070	293.738	1,577.465
GRAND TOTAL:	296.651	1,599.244	2,142.774	1,420.169	2,544.856	3,506.017	3,365.261	3,145.147	3,628.513	4,883.066	2,270.634	28,804.274

Mr. Chairman: Any supplementary?

آپ question quickly کیجئے۔ ختم ہونے میں ایک منٹ رہ گیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر خالد محمود سومرو: جناب چیئرمین! جو میں نے ان سے تفصیل مانگی تھی مجھے وہ تفصیل مہیا کر دی گئی ہے صرف اس میں خرچ کی جو تفصیل دی ہے اس کے بارے میں معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ نمبر ۴ پر جو پراجیکٹ پر خرچ کیا گیا ہے۔ 1900 ملین یہ کون کون سے پراجیکٹ ہیں اور کہاں کہاں پر ہیں۔ بالکل آخری حصے پر اور نمبر ۸ پر لاڑکانہ ہاؤسز سکیموں کے حوالے سے خرچ کیا گیا ہے دس ملین کا یہ کیا کام ہوا؟ کہاں ہوا؟ اس کی تفصیل۔ نمبر ۹ پر برن سنٹر کے حوالے سے لکھا گیا ہے۔ 260 ملین خرچ کیے گئے کہاں پر، کون کونسے بن رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ شکریہ۔ آپ کے پاس منسٹر صاحب اس وقت detail ہے۔ جی۔

محترمہ ثمینہ خالد گھرکی: ہمارا food support پروگرام ہے۔ اس کے لیے ہمارے NCRCL schools ہیں جنہیں labour schools کہتے ہیں، جن میں بچے پڑھتے ہیں۔ Vocational دستکاری سکول ہیں۔ اس میں ہمارا Pakistan Sweet Home ہے۔ یہ Senior citizens کے لیے ہمارا ایک ہی ادارہ ہے۔ اس پر کام ہو رہا ہے لیکن ہم نے سہالہ میں ایک ہی شروع کیا ہے۔ اس کے لیے ہم rehabilitation کرتے ہیں۔ انہوں نے لاہور میں برن سینٹر کے بارے میں تفصیل پوچھی ہے۔ وہ تقریباً تیار ہو چکا ہے۔ اس میں پنجاب حکومت نے بھی contribute کیا ہے۔ میرے خیال میں اسے جلد ہی operational کر دیں گے، اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ جس کے بارے میں ہمیں کوئی doubt ہو۔ وہ پاکستان کا سب سے بڑا سینٹر ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ حاجی صاحب۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: محترمہ سے یہ سوال پوچھنا ہے کہ جوابات میں یہ لکھا ہے کہ پاکستان بیت المال کے زیر اہتمام محکموں کی کل تعداد چار سو اناسی ہے۔

جناب چیئرمین: حاجی صاحب! جلدی سے پوچھ لیجیے۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: جلدی سے ہی پوچھ رہا ہوں۔ ان پر اس سال دو کروڑ اٹھاسی لاکھ چار ہزار دو سو چوہتر کی رقم خرچ ہوئی ہے۔ میں نے حساب لگایا ہے کہ ایک ادارے پر ساٹھ ہزار روپے سے کچھ کم خرچ ہوا ہے۔ اتنے کم خرچ میں آپ کے ادارے کیسے چل رہے ہیں؟ اگر ساٹھ ساٹھ ہزار روپے آپ نے دینے ہیں تو اتنے اداروں کی ضرورت کیا ہے؟

جناب چیئرمین: جی۔

محترمہ ثمینہ خالد گھرکی: اس کے لیے میں تفصیل سے بتاؤں گی۔ ہم نے اپنے ایک فوڈ پروگرام کو روکا ہے۔ اس کے لیے ہم نے ہر ڈسٹرکٹ میں اپنے ادارے بڑھا دیے ہیں۔ ہمارے 137 district officers ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ یہ ادارے ہر جگہ پر ہوں۔ نادرن ایریا اور ہر علاقے میں ہمارے لوگ موجود ہیں تاکہ ان کو جس قسم کی بھی assistance کی ضرورت ہو، وہ مل

جائے۔ یہ ادارے تین افراد پر مشتمل ہیں۔ اس میں ایک ١٦ گریڈ کا آفس انچارج ہے، اس کے ساتھ پانچ گریڈ کا جونیئر کلرک ہے۔ ان کے علاوہ ایک فرد اور ہوتا ہے۔ ان اداروں میں تین تین افراد ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ پورے پاکستان میں ہمارے لوگ موجود ہوں۔ یہ ہم نے فوڈسپورٹ پروگرام کے لیے شروع کیے تھے۔ اب ہمارے فوڈسپورٹ پروگرام کو روک دیا گیا ہے لیکن ابھی ہم نے ان offices کو بند نہیں کیا۔

Mr. Chairman: Thank you. [2]Question hour is over.

(مداخلت)

"UNSTARRED QUESTION AND ITS REPLY"

2. Senator Prof. Khurshid Ahmed: Will the Minister for Education be pleased to state:

(a) the estimated cost for provision of Quality Education opportunities for students of Balochistan and FATA and 3 PMUs; and

(b) the amount allocated by the Government for the said scheme in PSDP 2009-10 and the amount released and spent so far?

Reply not received.

Mr. Chairman: Now we will take Leave applications.

Leave of Absence

جناب چیئرمین: ٹائم ختم ہو گیا ہے۔ آپ منسٹر صاحبہ سے پوچھ لیجیے گا۔ ڈاکٹر صاحب شکریہ۔ جناب ایس ایم ظفر صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ سات مئی کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

---

[2] *[The questions Hour is over the remaining questions and their replies will be taken as read and placed on the table of the House]*

جناب چیئرمین: جناب وسیم سجاد صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر آج مورخہ سات مئی کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب گل محمد لاٹ صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر مورخہ تیس اپریل تا پانچ مئی اور آج مورخہ سات مئی کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Papers to be laid Item No.3. Shah Sahib, please move item No.3.

Laying of Report on Disaster Management Authority 2009

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Sir, I beg to lay before the Senate the Annual Report of the National Disaster Management Authority for the year 2009.

Mr. Chairman: The report stands laid. We may now resume discussion on the President's address.

جی پروفیسر صاحب! آپ تقریر کریں گے۔ بسم اللہ کیجیے۔

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Before he starts, I want to say that Mr. Speaker from Afghanistan has come here and we have to attend him.

جناب چیئرمین: پھر adjourn کر لیں۔ افغان اسمبلی کے سپیکر آئے ہوئے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: میں صرف ایک اہم مسئلہ اٹھانا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ Tuesday کو تقریر کر لیں۔ ہاؤس کو ابھی adjourn کر لیں؟

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: ایک منٹ۔

جناب چیئرمین: جی ضرور۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: مجھے اطلاع ملی ہے کہ ڈان ٹی وی کے جرنلسٹ اعزاز سید کے گھر میں جنوری ۲۰۱۰ء میں توڑ پھوڑ کی گئی تھی اور آج رات دو بجے ان کے گھر پر پھر فائرنگ ہوئی ہے۔ دروازے اور دیوار پر گولیاں لگی ہوئی ہیں۔ یہ بڑا serious مسئلہ ہے اور جنوری میں، میں نے یہ مسئلہ اٹھایا تھا لیکن معلوم ہوتا ہے کہ پولیس نے اس سلسلے میں کوئی کام نہیں کیا اور رات کو پھر ان کے گھر پر حملہ ہوا ہے۔ میں چاہوں گا کہ اسے نوٹ کر لیں۔

جناب چیئرمین: شاہ صاحب please اسے نوٹ کر لیں۔

سینیٹر سید نیر حسین بخاری: ہم پتا کر لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب آپ کا کوئی پوائنٹ ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر خالد محمود سومرو: جی۔ OGDCL کے بارے میں، میں نے گزارش کی تھی۔ کافی عرصے سے ہزاروں ملازمین بیچارے دربدر پھر رہے ہیں۔ تین مرتبہ ہمارے فیڈرل منسٹر سید نوید قمر صاحب نے پریس کانفرنسوں کے ذریعے اناؤنس بھی کیا ہے کہ کچے ملازمین کو پختہ کیا جائے گا، regular کیا جائے گا، contract system کو ختم کیا جائے گا لیکن ایسا نہیں ہو رہا۔ آٹھ سال سے کام کرنے والے ملازمین کو نکالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ OGDCL کی تمام fields سے، جن میں پنجاب بھی ہے، سندھ کے اکثر اضلاع میں، قادر پور گیس فیلڈ وغیرہ وغیرہ ہیں۔ یہاں OGDCL کے ہیڈ آفس کے گیٹ پر عرصے سے ملازمین دھرنا دیے ہوئے ہیں۔ تین دفعہ منسٹر کی یقین دہانی کے باوجود ان کی ایڈمنسٹریشن ان کے ساتھ انصاف نہیں کر رہی۔ میں یہ التماس کرتا ہوں کہ منسٹر صاحب سے کہہ دیا جائے کہ ان کے اپنے کیے ہوئے وعدے کے مطابق، ان ملازمین کو جن کو آٹھ سال سے regular نہیں کیا جا رہا، ان کو regular کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین: دیکھ لیتے ہیں۔ شاہ صاحب اس کو ذرا دیکھ لیجیے گا۔ جی ایڈوائزر صاحب۔

نوابزادہ غضنفر علی گل: جناب چیئرمین! ہاؤس کے لیے، ہمارے لیے بھی اور ملک کے لیے بھی، اوورسیز پاکستانیوں کے لیے بھی ایک خوشخبری ہے۔ آپ کو علم ہے کہ برطانیہ میں انتخابات ہو رہے ہیں اور اس کے نتائج آ رہے ہیں۔ الحمد للہ۔ گلاسکو سے ہمارا ایک نوجوان سرور اپنے والد کی سیٹ پر کامیاب ہو گیا ہے اور خالد محمود نے لیبر پارٹی کی طرف سے اپنی سیٹ hold کی ہے۔ آزاد

کشمیر کے ایک اور نوجوان بیرسٹر عطاء الرحمان چشتی نے پہلی مرتبہ ٹوری پارٹی سے سیٹ جیتا ہے۔ عطاء الرحمان اور میں نے ایک ساتھ، اس نے اکیس سال کی عمر میں اور میں نے چھپن سال کی عمر میں bar at law ایک سال میں کیا۔

جناب چیئرمین: ماشاء اللہ۔

نوابزادہ غضنفر علی گل: اس کے ساتھ ایک بات اور بھی ہے کہ عطاء الرحمان چشتی نے محترمہ کے ساتھ لندن میں کام کیا ہے۔ وہ ہماری پارٹی کا ورکر تھا۔ اس کے والد آزاد کشمیر اسمبلی کے رکن رہے ہیں۔ میں چاہوں گا کہ ہمارا ہاؤس ان سب کو ان کی کامیابی پر مبارکباد دے۔ اور بھی چیزیں آنے کا امکان ہے۔

جناب چیئرمین: رزلٹ آنے دیں۔ انہیں مکمل ہونے دیں۔

The House stands adjourned to meet again on Monday the 10th May, 2010 at 4.00 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 10th May, 2010 at 4.00 p.m.]